# اشتہار نیلامی عام

عوام الناس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ پشاور ہائی کورٹ، پشاور میں چند اشیاء جس میں لکڑی، آئرن وایلومینیئم، اے سی، ٹائیرز، بیٹریاں اور دیگر سکریپ وغیرہ شامل ہیں کی نیلام عام مورخہ 18.08.2026 بروزِ منگل صبح 10 بجے، جہاں ہیں اور جیسے ہیں کی بنیاد پر ہوگی۔ تمام دلچسپی رکھنے والے افراد/فرم مندرجہ ذیل شرائط وضوابط کے مطابق نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شرائط وضوابط:

۱۔ خواہش مند افراد/فرم نیلامی کی اشیاء کی تعداد و تفصیل عدالت ہٰذا کے فون نمبر 091-9213559 پر حاصل کر سکتے ہیں۔

۲۔ نیلام کی جانے والی اشیاء کا معائنہ مورخہ 15.08.2026 بروزِ ہفتہ بوقت صبح 10 بجے تا دوپہر 01 بجے بمقام پشاور ہائی کورٹ، پشاور کیا جاسکے گا۔

۳۔ نیلام مورخہ 18.08.2026 بروزِ منگل صبح 10 بجے بمقام پشاور ہائی کورٹ، پشاور منعقد ہوگی۔

۴۔ تمام واجبات/ٹیکسز وغیرہ کی ادائیگی کامیاب بولی دہندہ کے ذمے ہوگی۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی ایک تہائی رقم موقع پر نقد جمع کروانی ہوگی جسکی باقاعدہ رسید دی جائیگی۔

۶۔ بولی میں حصہ لینے والے افراد/فرم کو بولی سے پہلے مبلغ -/10,000 روپے کال ڈیپازٹ/پے آرڈر/بینک ڈرافٹ بنام رجسٹرار پشاور ہائی کورٹ، پشاور بطورِ سکیورٹی جمع کرانا ہوں گے۔

۷۔ نیلامی میں حصہ لینے والے تمام افراد/فرم اپنا مکمل نام و پتہ، شناختی کارڈ کی کاپی، موبائل نمبر یا فون نمبر نیلامی میں حصہ لینے سے پہلے جمع کروانے ہونگے۔

۸۔ باقی ماندہ دو تہائی رقم چار دن کے اندر جمع کرانا لازم ہوگی۔ بصورتِ دیگر جمع شدہ رقم ضبط (Forfeit) کر لی جائے گی۔

۹۔ نیلامی کی محفوظ قیمت موقع پر بتائی جائیگی اور بولی دہندہ گان محفوظ شدہ قیمت سے ہی شروعات کرینگے۔

۱۰۔ کامیاب بولی دہندہ کو نیلام شدہ سامان پانچ دن کے اندر متعلقہ مقام سے اٹھانا ہوگا۔ جسکا تمام خرچہ وہ خود ادا کرے گا۔

۱۱۔ نیلامی کمیٹی کو کسی بھی آئٹم کے کلی، جزوی یا مکمل طور پر منظور یا مسترد کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہوگا۔ اور اس سلسلہ میں بولی دہندگان کا کسی قسم کا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

۱۲۔ تمام مروجہ سرکاری احکامات یا قواعد کے تحت بولی منظور یا مسترد کی جائے گی۔

۱۳۔ تمام تصفیہ طلب امور موقع پر تمام افراد/نمائندہ کی موجودگی میں تصفیہ کئے جائیں گے اور بعد ازاں کسی کا کوئی اعتراض/عذر قبول نہیں ہوگا۔

بحکم،

رجسٹرار،

پشاور ہائی کورٹ، پشاور